**24.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
Music

.......................................................................

- ☆ حکومت نے تقریباً 6 ہزار 800 کروڑ روپئے کی لاگت سے 256 کلو میٹر طویل ریلوے لائن کو ڈبل کرنے کیلئے دو ریلوے پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے، اس کے علاوہ حکومت نے خلائی صنعت کو فروغ دینے کیلئے ایک ہزار کروڑ روپئے کے وینچر کیپٹل فنڈ کی تشکیل کو بھی منظوری دی ہے۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے LAC سے متصل امور حل کرنے کی غرض سے بھارت اور چین کے درمیان مسلسل بات چیت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔
- ☆ جرمنی کے چانسلر Olaf Scholz آج رات نئی دلّی پہنچیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور چانسلر Scholz کل ساتویں بین حکومتی مشاورت کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔
- ☆ شدید سمندری طوفان ''دانا'' چند گھنٹوں میں اڈیشہ کے ساحل کے قریب پہنچنے والا ہے، جس کے سبب ریاست کے ساحلی علاقوں کے بیشتر مقامات پر موسلادھار بارش ہو رہی ہے، بھارتی بحریہ، NDRF سمیت تمام ایجنسیاں ہائی الرٹ پر ہیں۔
- ☆ خواتین کے کرکٹ میں، بھارت نے احمدآباد میں تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں نیوزی لینڈ کو 59 رن سے ہرا دیا۔
- ☆ اور ہاکی میں، جرمنی نے آج نئی دلّی میں ایک خصوصی شوٹ آؤٹ میں بھارت کے خلاف دو میچوں کی سیریز جیت لی ہے۔

.......................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *CCEA Rail Projects*

اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی CCEA نے آج چھ ہزار 798 کروڑ روپئے کے اندازاً اخراج کے ساتھ دو ریل پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے، تاکہ کنیکٹیویٹی مہیا کی جاسکے، سفر میں آسانی ہو اور لاجسٹکس سے متعلق اخراجات میں کمی لائی جاسکے۔ پہلے پروجیکٹ میں، 256 کلو میٹر پر محیط، بہار میں Narkatiaganj سے رَکسول، سیتامڑھی اور دربھنگہ اور سیتامڑھی-مظفر پور سیکشن کے درمیان ریلوے لائن کو ڈبل کرنے کا کام شامل ہے۔ اس پروجیکٹ سے نیپال،

شمال مشرقی بھارت اور بھارت اور سرحدی علاقوں میں کنیکٹی ویٹی مضبوط ہوگی جس سے مالگاڑیوں کے ساتھ ساتھ مسافر ریل گاڑیوں کی نقل وحرکت کی بھی سہولت میں اضافہ ہوگا اور اس کے نتیجے میں خطے میں سماجی واقتصادی ترقی ہوگی۔

مرکزی کابینہ کی میٹنگ کے بعد نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اطلاعات اور نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ بہار میں ریلوے لائن کو ڈبل کرنے کے کام کو چار ہزار 453 کروڑ روپئے کی لاگت کے ساتھ منظوری دی گئی ہے۔ اس پروجیکٹ کے تحت ایودھیا کو سیتامڑھی، کھٹمنڈو، جنک پور اور Lumbini سے جوڑا جاسکے گا۔ جناب ویشنو نے مزید بتایا کہ اس پروجیکٹ سے 87 لاکھ دنوں کے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

S/B Ashwini Vaishnaw

جناب ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ CCEA نے امراوتی کے لیے ایک نئی ریلوے لائن کی بھی منظوری دی ہے، جو کہ آندھرا پردیش کی نئی راجدھانی ہے۔انہوں نے بتایا کہ امراوتی کے راستے ایروپلم اورنمبورو کے بیچ ایک نئی ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی جو 57 کلو میٹر پر مشتمل ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ ریل لائن کا یہ نیا پروجیکٹ، یعنی ایروپلم-امراوتی-نمبورو، آندھرا پردیش کے این ٹی آر وجئے واڑہ اور گنٹور ضلعوں اور تلنگانہ کے کھمم ضلع سے ہوکر گزرے گا۔ انہوں نے یہ اطلاع بھی دی کہ اس پروجیکٹ پر اندازاً 2 ہزار 245 کروڑ روپے کا خرچ آئے گا اور اِس سے حیدرآباد، چنئی اور کولکتہ کیلئے براہ راست ریل رابطہ مہیا ہوسکے گا۔

جناب ویشنو نے مزید بتایا کہ دریائے کرشنا پر 3 اعشاریہ 2 کلو میٹر طویل نیا ریلوے پُل بھی تعمیر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروجیکٹ سے 19 لاکھ دنوں کے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

S/B Ashwini Vaishnaw

اِن پروجیکٹوں کے ذریعے ایسے علاقوں میں کنیکٹی ویٹی قائم کرکے لاجسٹکس سہولتوں کو بہتر کیا جاسکے گا جہاں ابھی تک کنیکٹی ویٹی نہیں تھی، اس سے ریلوے لائن کی موجودہ صلاحیت میں اضافہ ہوگا اورنقل وحمل کے نیٹ ورک کو فروغ حاصل ہوگا، جس کے نتیجے میں سپلائی کی چین میں باقاعدگی آئے گی اور اقتصادی ترقی تیز رفتاری سے ہوگی۔

مرکزی کابینہ نے خلائی شعبے کے لیے ایک ہزار کروڑ روپے کے وینچر کیپٹل فنڈ کے قیام کو منظوری دی ہے۔ مجوزہ وینچر کیپٹل فنڈ کی منظوری کی مدت، فنڈ کی کارروائیوں کے آغاز کی اصل تاریخ سے پانچ سال تک ہونے کا منصوبہ ہے۔

آج نئی دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ فنڈ خلائی شعبے میں اسٹارٹ اپس کو فروغ دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرمایہ کاری کے مواقع اور فنڈ کی ضروریات پر منحصر منظوری کی اوسطاً رقم 150 سے 250 کروڑ روپے سالانہ ہوسکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فنڈ کو بھارتی خلائی شعبے کو ترقی دینے کیلئے اسٹریٹجک طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے، جس کے ساتھ قومی ترجیحات اور اختراع کے ساتھ اقتصادی ترقی کو بھی فروغ دیا جائے گا۔

جناب وشنو نے کہا کہ تقریباً دس سالوں میں اس کے تحت 30 سے 35 خلائی اسٹارٹ اپس کو فنڈز فراہم کیے جائیں گے۔

S/B Ashwini Vaishnaw

## Rajnath India China

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ بھارت اور چین نے LAC سے متصل بعض علاقوں میں اپنے اختلافات کو دور کرنے کی غرض سے، سفارتی اور فوجی دونوں سطحوں پر مذاکرات کئے ہیں۔ نئی دلّی میں چانکیہ ڈیفنس ڈائیلاگ 2024 کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ بات چیت کے بعد، مساوی اور باہمی سکیورٹی کے اصولوں کی بنیاد پر زمینی صورتحال کو بحال کرنے کی خاطر، ایک وسیع اتفاقِ رائے پیدا ہوا ہے۔ وزیر دفاع نے بتایا کہ اس اتفاق رائے میں روایتی علاقوں میں گشت لگانا اور مویشیوں کی چَرائی وغیرہ شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ مسلسل مذاکرات میں مصروف رہنے کے سبب ایسا ہوا ہے کیونکہ تنازعہ کا حل بھی جلد یا بدیر نکل آئے گا۔

S/B Rajnath Singh

جناب سنگھ نے کہا کہ ترقی اور سکیورٹی کے تعلق سے بھارت کا ایک نمایاں وژن ہے، جس کے سبب دفاع کے شعبے میں خود کفالت، ایک امتیازی قومی ہدف بن گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کے دفاعی شعبے کی کایا پلٹ کرکے اسے ایک خودکفیل شعبہ بنانے کے دُور رَس اثرات مرتب ہوں گے۔x

## German Chancellor - India

جرمنی کے چانسلر Olaf Scholz ساتویں بین حکومتی مشاورت (IGC) میں شرکت کرنے کیلئے بھارت کے تین روزہ دورہ پر آج رات نئی دلّی پہنچیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور چانسلر Scholz کل بین حکومتی مشاورت کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ بین حکومتی مشاورت (IGC)، حکومت کا ایک مجموعی طریقۂ کار ہے، جس کے تحت دونوں ممالک کے وزراء اپنے اپنے متعلقہ شعبوں کے حوالے سے تبادلۂ خیال کرتے ہیں اور اُن کے نتائج سے وزیر اعظم اور چانسلر کو آگاہ کرتے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور جرمنی کے چانسلر اِس موقع پر، باہمی بات چیت بھی کریں گے، جس میں سکیورٹی، دفاعی اور اقتصادی تعاون کو وسعت دینے اور ابھرتی ہوئی وکلیدی ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون نیز گرین اور پائیدار شراکت داری پر خیالات کا تبادلہ خیال شامل ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ دونوں رہنما جرمن کاروبار کی اٹھارہویں ایشیا بحرالکاہل کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے۔x

## PM Omar Abdullah

جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ اِس سے پہلے جناب عمر عبد اللہ نے کل وزیر داخلہ امت شاہ سے بھی ملاقات کی تھی۔ x

## Odisha Cyclone Dana

مشرقی- وسطی خلیج بنگال پر بنا شدید سمندری طوفان 'دانا'، اڈیشہ کے ساحل کی جانب بڑھ رہا ہے اور اِس کے اب سے کچھ گھنٹوں بعد Bhitarkanika اور Dhamra کے درمیان پہنچنے کا امکان ہے۔ طوفان کے ٹکرانے کے

بعد اِس کے مغرب- جنوب مغرب کی جانب مڑنے کا امکان ہے۔ طوفان کے ٹکرانے کے پانچ سے چھ گھنٹوں کے دوران ہواؤں کی رفتار کے 120 سے 125 کلو میٹر فی گھنٹہ رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اڈیشہ کے کیندریہ پاڑہ، جگت سنگھ پور، بھدرک اور بالاسور ضلعوں کے سب سے زیادہ متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اڈیشہ میں حکام نے شدید سمندری طوفان کی زَد میں آنے والے قریب ساڑھے تین لاکھ لوگوں کو اُن کے گھروں سے محفوظ مقامات پر پہنچا دیا ہے۔ اسٹریٹجک مقامات پر طوفان دانا کے اثر کو کم کرنے کیلئے ہزاروں راحت کارکنوں کو تعینات کیا گیا ہے۔ اڈیشہ میں ٹرانسپورٹ خدمات پہلے ہی متاثر ہیں اور کئی ٹرینیں اور اڑانیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ اڈیشہ ہائی کورٹ، اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور کئی حکومتی اداروں کو جمعہ کے روز تک بند کر دیا گیا ہے۔ ماہی گیروں کے سمندر میں جانے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ راحت اور بچاؤ کارروائیوں کو بروقت انجام دینے کیلئے NDRF، ODRAF اور آگ بجھانے والی ٹیموں کو اسٹریٹجک مقامات پر تعینات کر دیا گیا ہے۔ سمندری طوفان 'دانا' کے پیش نظر اڈیشہ میں قدرتی آفات سے نمٹنے کی قومی فورس، NDRF کی 20 ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC- Prakash Dash

شدید سمندری طوفان 'دانا' جیسے جیسے اڈیشہ کے ساحل کے قریب آتا جا رہا ہے، ریاست کے ساحلی علاقوں کے بیشتر مقامات پر موسلا دھار بارش اور اونچی لہروں کے ساتھ تیز ہوائیں چل رہی ہیں۔ اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ Mohan Charan Mahi، دو نائب وزراء اعلیٰ اور دیگر وزراء کے ساتھ تیاریوں پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں، جبکہ راحت اور بچاؤ کارروائیوں کی نگرانی کیلئے سینئر افسران موقعے پر موجود ہیں۔ اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور بہت سے سرکاری اداروں کو بند کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹروں سے کہا گیا ہے کہ وہ چوبیس گھنٹے اسپتالوں میں موجود رہیں۔ ریاستی حکومت کے ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ سات ہزار سے زیادہ کثیر مقصدی طوفان سے بچاؤ کے مراکز میں آج شام لگ بھگ ساڑھے تین لاکھ لوگوں کو پناہ دی گئی ہے۔

وہیں راحت اور بچاؤ کارروائیوں کو انجام دینے کیلئے 385 گراؤنڈ ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## West Bengal Cyclone Dana

شدید سمندری طوفان دانا کے پوری اور ساگر جزیرے کے درمیان شمالی اڈیشہ اور مغربی بنگال کے ساحلوں سے ٹکرانے کا امکان ہے۔ یہ طوفان اڈیشہ کے Bhitarkanika اور دَھمرا میں آج آدھی رات یا کل صبح کی اولین ساعتوں میں پہنچ سکتا ہے۔ طوفان دانا سے، مغربی مدنی پور، جنوبی اور شمالی چوبیس پرگنہ ضلعے، ہوڑہ، ہگلی، بانکوڑہ، کولکاتا اور جھار گرام کے سب سے زیادہ متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔

## Iraq Militants Killed

عراق کے انبار صوبے میں ایک فوجی آپریشن کے دوران اسلامک اسٹیٹ کے 9 دہشت گردوں کے مارے

جانے کی خبر ہے۔ عراقی فوج کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ عراق کی راجدھانی بغداد سے مغرب میں 400 کلو میٹر دور اَل رتبہ شہر کے شمال میں صحرائی علاقے میں انسداد دہشت گردی دستے کو فضائیہ کے ذریعے اتارا گیا جہاں اُن کا اسلامک اسٹیٹ دہشت گردوں سے سامنا ہوا۔ فوج نے بتایا کہ اِس مڈبھیڑ میں اسلامک اسٹیٹ کے 9 دہشت گرد مارے گئے، جن میں 7 خود کش بمبار بھی شامل ہیں۔

اس دوران عراقی فوج نے دہشت گردوں کے ہتھیار، گولہ بارود اور دیگر لاجسٹک آلات تباہ کر دیے۔ عراق میں سال 2017 میں اسلامک اسٹیٹ کی شکست کے بعد سے سلامتی کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔

تاہم اسلامک اسٹیٹ کے بچ گئے کارندے شہری مراکز، صحرا اور سنگلاخ وادیوں میں گھس گئے ہیں اور سلامتی فورسز اور شہریوں پر اکثر گوریلا حملے کرتے رہتے ہیں۔ x

## Rev Womens Cricket

خواتین کے کرکٹ میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے بین الاقوامی کرکٹ میچ میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 59 رن سے ہرا دیا۔ یہ میچ آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ جیت کیلئے 228 رنوں کا پیچھا کرتے ہوئے نیوزی لینڈ کی ٹیم 40 اوورز اور چار گیندوں میں 168 رن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کی جانب سے رادھا یادو نے 3 وکٹ لئے، جبکہ سائما ٹھاکر نے نیوزی لینڈ کے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اِس سے قبل، پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی خواتین نے 44 اوورز اور تین گیندون میں 227 رن بنائے۔ بھارت کی جانب سے Tejal Hasabnis نے سب سے زیادہ 42 رن اور Deepti شرما نے 41 رن اسکور کیے۔ x

## India Men Hockey

ہاکی میں، جرمنی نے آج نئی دلّی میں میجر دھیان چند اسٹیڈیم میں ایک سنسنی خیز خصوصی شوٹ آؤٹ میں بھارت کو ہراکر دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز جیت لی ہے۔بھارت کے آج کے میچ میں پانچ-تین سے جیت حاصل کرنے کے بعد دو میچوں کی یہ سیریز ایک-ایک سے برابر ہوگئی تھی جس کے بعد اس خصوصی شوٹ آؤٹ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جرمنی نے کَل پہلے ٹیسٹ میچ میں دو-صفر سے جیت حاصل کی تھی۔x

## Wrestling

کشتی میں البانیہ کے ترانہ میں کھیلی جارہی 23 سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کی عالمی چمپئن شپ میں بھارت کے وشوجیت رام چندر مورے نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

مورے نے گریکو رُومن 55 کلو گرام زمرے میں آدم اُلباشیف کو چودہ دَس سے ہرایا۔ یہ بھارت کا چمپئن شپ میں پہلا تمغہ ہے۔ ایران کے علی عبداللہ احمدی وفا نے سونے کا تمغہ جیتا اور رَشد Mammadov نے چاندی کا تمغہ جیتا، جبکہ جاپان کے Kohel Yamagiwa کو مُورے کے ساتھ مشترکہ طور پر کانسے کا تمغہ دیا گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆